اس منصوبے پر اپنی پسندیدگی کا اظہار کیا ہے اور ترجمہ کرنے والی کمیٹی کے افراد کو انگریزی اور فرانسیسی میں رابطہ کی طرف سے شائع شدہ ترجمے فراہم کیے گئے ہیں۔

(ماہنامہ ذکر و فکر دسمبر ۸۶ء)

تفاسیر قرآن کا ایک جامع اشاریہ

رائل اکیڈیمی آف اسلامک ریسرچ (اردن) اپنے ریسرچ ورک کے انڈکس بھی تیار کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں پہلا انڈکس علوم تفسیر قرآن پر تیار کیا ہے جو بارہ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ آج تک قرآن پاک کی جتنی تفاسیر بھی لکھی گئی ہیں اور تفسیر کے نام سے جتنا بھی کام ہوا ہے، مطبوعہ تفاسیر کتنی ہیں اور مخطوطات کی شکل میں اب تک قرآن کے بارے میں جو لکھا گیا ہے وہ سب اس انڈکس میں حوالوں کے ساتھ بیان کر دیا گیا ہے۔ مخطوطات کے حوالے بھی دئے گئے ہیں کہ کون مخطوطہ کہاں پڑا ہے۔ اسلامی تاریخ میں تفاسیر قرآن اور علوم قرآن کے بارے میں لکھی گئیں کتب و مخطوطات کے بارے میں ایسی جامع فہرست پہلی بار تیار کی گئی ہے۔

(پندرہ روزہ ایشیا، لاہور - ۱۶ اگست ۸۶ء)

قرآن و سنت کے سائنسی اعجاز پر پہلی عالمی کانفرنس

قرآن و سنت کے سائنسی اعجاز پر پہلی عالمی کانفرنس اسلام آباد میں ۲۳ تا ۲۶ صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷ تا ۲۰ اکتوبر ۱۹۸۷ء منعقد ہوئی۔ اس کا انعقاد رابطہ عالم اسلامی، مکہ مکرمہ، اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد اور قرآن و سنت کے سائنسی اعجاز کے بورڈ کے مشترک اہتمام سے عمل میں آیا۔ باون ملکوں کے پانچ سو علماء نے اس کانفرنس میں شرکت کی اور موضوع کے مختلف پہلوؤں سے متعلق ۸۰ مقالے پیش کئے گئے۔ علمی موضوعات جن میں سائنس نے ترقی کی ہے اور جن پر اس کانفرنس میں مقالے پڑھے گئے ان میں علم افلاک، فضا و ارض، سمندر، حیوانات و نباتات، جنین، علم تشریح (ANATOMY) اور علم طب کے دیگر شعبوں کے علاوہ نفسیات و اقتصادیات کے موضوعات شامل تھے۔ مقالات کے نہج کا اندازہ اس مقالہ کے خلاصہ سے لگایا جاسکتا ہے جو